سوال

ضمیر کا مرجع 101

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خلق آدم علی صورتہٖ"ہ "ضمیر کا مرجع کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

م السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علم کے مطابق اس حدیث میں تاویل کی گنجائش نہیں ہے ۔ کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث اپنی صحیح میں مکمل روایت کی ہے کہ جس وجہ سے اس میں تاویل کی ضرورت نہیں ہے ۔ حدیث اس طرح ہے :

أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : خَلَقَ اللَّهُ آدَمَ عَلَى صُورَتِهِ طُولُهُ....))

آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آدم کی انہی صورت پر پیدا کیا کہ ان کا قد ساٹھ ہاتھ ہے ۔ ''

تِهِ "اس لفظ میں جو ضمیر ہے یہ اللہ کے بجائے آدم ہی کی طرف لوٹ رہی ہے ۔

حدیث بعض سنن کی کتب میں یوں مروی ہے :

إن اللہ خلق آدم علی صورۃ الرحمن "

بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم کو رحمٰن کی شکل وصورت میں پیدا کیا''

تو یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ ضعیف ہے ۔ کیونکہ حبیب بن ابی ثابت کی روایت سے مروی ہے ۔ یہ راوی مدلس ہے اور اس سے تمام طرق میں عنعن سے روایت کیا ہے ۔ ہمارے علم کے مطابق اسی پر ساری حدیث کا دارومدار ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

توحید اسماء وصفات کے مسائل صفحہ : 84

محدث فتویٰ